کلام: گوھر آجار چوی

منقبت

اے شہِ اولیا مظہرِ کبریا

تیرے صدقے میں سب کو یہ منصب ملا
ہاتھ پر تیرے بیعت ہوئے انبیاء
تو ہے دستِ خدا اے شہِ اولیا

دی سزا جس نے ہر دیں کے غدار کو
جس نے سرما بنا ڈالا کفار کو
تو ہے وہ سورما اے شہِ اولیا

کونین ہیں خادم ترے تو سید و سردار ہے
مولا ترے قدموں تلے ہر وقت کی رفتار ہے
تو نور کا مینار ہے اے شہِ اولیا

خیر سے خیر کا فیصلہ ہے اَٹل
ٹھہرا ہر اِک عمل تیرا خیر العمل
تو ہے خیرالوریٰ اے شہِ اولیا

کتنی اعلیٰ مقدس تری ذات ہے
تیرا گھر اُس کا گھر ایک ہی بات ہے
کہہ رہا ہے خدا اے شہہِ اولیا

تیرا گھر ہے شریعت کی جائے اماں
تیرا نقشِ قدم عظمتوں کا نشاں
تیرے دَم سے ہے دنیا میں شورِ اذاں
تو خدا کا پتہ اے شہہِ اولیا

کون تجھ سے کرے گا تقابل بھلا
ہو رہی ہے جہاں حُسن کی انتہا
ہے تری ابتدا اے شہہِ اولیا

لوحِ محفوظ یہ دے رہا ہے صدا
جس کو اللہ نے اپنی مرضی کہا
وہ ہے تیری رضا اے شہہِ اولیا

تیرے سر پہ سجا عِلم کا تاج ہے
دونوں عالم پہ مولا ترا راج ہے
شاہِ ارض و سما اے شہہِ اولیا

تو نے ذرے کو گوھر بنایا علیؑ
سر پہ سورج کے ہے تیرا سایہ علیؑ
تو ہے مشکل کشا اے شہہِ اولیا